# 01-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ ریاستی قانون ساز کونسل نے بلدی اداروں یعنی میونسپلٹیز اور پنچایتوں میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد ریزرویشن فراہم کرنے سے متعلق قوانین منظور کر لئے ہیں۔

۲۔کالیشورم معاملہ میں بے قاعدگیوں پر سی بی آئی انکوائری کے فیصلے کے پس منظر میں بی آر ایس کے لیڈر کے ٹی راما راؤ نے کہا کہ پارٹی اس معاملے میں قانونی اور سیاسی جدوجہد کرے گی۔

۳۔سپریم کورٹ نے آج تلنگانہ حکومت کے مستقل سکونت کے رول کو برقرار رکھا ہے، جس کے تحت وہ طلبہ جو گزشتہ چار سال سے بارہویں جماعت تک تلنگانہ میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

اور

۴۔مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ ملک کے تعلیمی نظام میں ڈیجیٹائزیشن اور مصنوعی ذہانت کے انضمام کی سخت ضرورت ہے۔

SC

سپریم کورٹ نے آج تلنگانہ حکومت کے مستقل سکونت کے رول کو برقرار رکھا ہے، جس کے تحت وہ طلبہ جو گزشتہ چار سال سے بارہویں جماعت تک تلنگانہ میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں، انہیں میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں ریاستی کوٹہ کے تحت داخلہ دیا جائے گا۔ چیف جسٹس بی آر گوائی اور جسٹس کے ونود چندرن کی بنچ نے ریاستی حکومت کی اپیل قبول کر لی۔ اس رول کو 2017 میں بنایا گیا تھا اور 2024 میں اس میں ترمیم کی گئی تھی۔

NAIDU:

آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ چندرابابو نائیڈو نے آج بطور چیف منسٹراپنے 30 سال مکمل کرلئے۔انہوں نے پہلی بار یکم ستمبر 1995 کووزیراعلیٰ کا حلف لیا تھا۔ریاستی وزیر نارالوکیش نے کہا کہ نائیڈو نے آندھرا پردیش کونئی سمت دی، آئی ٹی انقلاب برپا کیا اور برقی کے شعبہ میں اصلاحات نافذ کیں۔انہیں ایک وژن رکھنے والے لیڈر کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔

PROTEST:

مختلف محکموں کے سرکاری ملازمین نے پرانے پنشن سسٹم (OPS) کے نفاذ کا مطالبہ کرتے ہوئے آج سکریٹریٹ کے سامنے احتجاج کیا۔انہوں نے پمفلٹ تقسیم کئے اور کہا کہ 2004 میں OPS کو ختم کر کے کانٹری بیوٹری پنشن سسٹم (CPS) نافذ کیا گیا تھا۔یونین کے قائدین نے کہا کہ مطالبہ پورا ہونے تک احتجاج جاری رہے گا۔آل انڈیا نیو پنشن اسکیم فیڈریشن ساؤتھ کے انچارج رگھوناتھن نے کہا کہ مطالبہ پورا ہونے تک احتجاج جاری رہے گا۔

KTR:

کالیشورم معاملہ میں بے قاعدگیوں پرسی بی آئی انکوائری کے فیصلے کے پس منظر میں بی آرایس کے لیڈر کے ٹی راماراؤ نے کہا کہ پارٹی اس معاملے میں قانونی اور سیاسی جدوجہد کرے گی۔انہوں نے کہا کہ ہمیں عدلیہ اور تلنگانہ کے عوام پر بھروسہ ہے۔ریاستی اسمبلی نے کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجیکٹ کے معاملہ کوسی بی آئی کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ تفصیلی تحقیقات کی جاسکے۔

COUNCIL

تلنگانہ ریاستی قانون ساز کونسل نے بلدی اداروں یعنی میونسپلٹیز اور پنچایتوں میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد ریزرویشن فراہم کرنے سے متعلق قوانین منظور کرلئے ہیں۔ان بلز کے ذریعے ان اداروں میں

ریزرویشن کی حد ختم کر دی گئی ہے۔آج قانون ساز کونسل میں اس حوالہ سے چار بلز منظور کئے گئے۔ یہ بلز آواز کی بنیاد پر رائے شماری کے ذریعہ منظور کئے گئے اور اس دوران کوئی بحث نہیں کی گئی۔بلز کی منظوری کے وقت اپوزیشن جماعت بی آر ایس کے ارکان نے کالیشورم لفٹ اریگیشن پروجیکٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں کی سی بی آئی تحقیقات کے خلاف ایوان کے وسط میں پہنچ کر احتجاج کیا۔ان بلز کی منظوری کے بعد بلدی انتخابات میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات کی قانونی توثیق کا معاملہ اب ریاستی گورنر کو بھیج دیا گیا ہے۔ گورنر کی منظوری کے بعد یہ قانون نافذ العمل ہوگا۔قانون ساز کونسل کا اجلاس بعد ازاں غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کر دیا گیا۔

WEATHER

محکمہ موسمیات کے مطابق تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون نے شدت اختیار کر لی ہے اور آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران کئی اضلاع میں شدید سے نہایت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ بھدرا چلم، کوتہ گوڑم، جےشنکر بھوپال پلی، مُلگو، پدا پلی اضلاع کے لئے اورنج الرٹ جاری کیا گیا ہے، جہاں مختلف مقامات پر شدید سے انتہائی شدید بارش متوقع ہے۔ عادل آباد، ہنمکنڈہ، جگتیال، کریم نگر، کھمم، کمرم بھیم آصف آباد، محبوب آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، ورنگل اضلاع میں بھی کہیں کہیں شدید بارش کا امکان ہے، جس کے پیش نظر یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ کھمم ضلع میں کچھ مقامات پر نہایت شدید اور شدید بارش ریکارڈ کی گئی۔ اس کے علاوہ بھدرا چلم، کوتہ گوڑم اور جگتیال میں بھی کہیں کہیں شدید بارش ہوئی۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ موسمی وارننگ پر عمل کریں، غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور مقامی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل پیرا رہیں۔

CM

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے تلگو بولنے والی ریاستوں کے 60 ارکانِ پارلیمنٹ سے اپیل کی ہے کہ وہ نائب صدر کے مجوزہ انتخاب میں اپنے ضمیر کے مطابق ووٹ دیں کیونکہ یہ انتخاب قومی سیاست میں تلگو عوام کی شناخت کا معاملہ ہے۔ انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں سے کہا کہ وہ انڈیا بلاک کے امیدوار اور سابق سپریم کورٹ جج بی سدھرشن ریڈی کی حمایت کریں۔ حیدرآباد میں کانگریس، سی پی آئی (ایم) اور سی پی آئی کے ریاستی صدور کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سی ایم نے کہا کہ سدھرشن ریڈی نے 53 سال دستور کی خدمت میں گزارے ہیں اور وہ نائب صدر کے عہدے کے لئے بہترین امیدوار ہیں۔ انہوں نے اپیل کی کہ سیاسی جماعتیں نظریاتی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے انہیں ووٹ دیں۔ امیدوار جسٹس سدھرشن ریڈی نے کہا کہ وہ یہ انتخاب صرف دستور کے تحفظ کے لئے لڑ رہے ہیں۔

BANDI:

مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ امور بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ بی جے پی کا موقف درست ثابت ہوا ہے کیونکہ ریاستی حکومت نے کالیشورم پروجیکٹ میں بدعنوانیوں کی جانچ سی بی آئی کے حوالے کردی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بھارت راشٹرا سمیتی کالیشورم میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی کی ذمہ دار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کانگریس حکومت نے سچائی کو قبول کرتے ہوئے یہ کیس سی بی آئی کو سونپ دیا ہے۔ بنڈی سنجے نے یہ بات سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر پوسٹ کی۔

LAXMAN

بی جے پی کے راجیہ سبھا رکن ڈاکٹر لکشمن نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں بی سی ریزرویشن بل کے معاملہ میں کانگریس سنجیدہ نہیں ہے۔ انہوں نے آج میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس ابتداء ہی سے اس

بل پر دوہری پالیسی اپنائے ہوئے ہے۔ ڈاکٹر لکشمن نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو پوری ذمہ داری لینی چاہیے کہ نہ صرف بل پیش کیا جائے بلکہ اس کی منظوری بھی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی، بی سی طبقے کو 42 فیصد تحفظات دینے کے لئے پرعزم ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت کلیشورم پروجیکٹ کرپشن کیس کے تمام ثبوت سی بی آئی کے حوالے کرے۔

NCERT:

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ ملک کے تعلیمی نظام میں ڈیجیٹائزیشن اور مصنوعی ذہانت کے انضمام کی سخت ضرورت ہے۔ انہوں نے یہ بات آج نئی دہلی میں نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ (این سی ای آر ٹی) کی 65 ویں یومِ تاسیس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر انہوں نے وزیر اعظم ای ودیا موبائل ایپ دکشا 2.0 اور دیگر متعدد تعلیمی اقدامات کا آغاز کیا تاکہ تعلیم کے معیار اور نصاب کی ترقی کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ وزیر تعلیم نے این سی ای آر ٹی کے کردار کو بھی سراہا اور کہا کہ یہ ادارہ ملک کی تعلیمی ترقی میں نمایاں خدمات انجام دے رہا ہے۔

SOUND BYTE

KAVITHA

بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا نے الزام لگایا کہ سابق وزیر ہریش راؤ اور سابق رکن پارلیمنٹ سنتوش راؤ کالیشورم پروجیکٹ کی ناکامی کے ذمہ دار ہیں۔ آج حیدرآباد میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کویتا نے کہا کہ ان کے والد اور سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ کی ساکھ چند قریبی افراد کی وجہ سے خراب ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے ان کے والد کے خلاف سی بی آئی انکوائری کرانے کے فیصلے پر وہ حیران ہیں۔ کویتا نے بی آر ایس قیادت کو تنقید کا نشانہ بنایا کہ جب ریاستی حکومت نے کیس سی بی آئی کے حوالے کیا تو پارٹی قائدین نے کوئی مؤثر ردعمل نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ رویہ افسوسناک ہے اور حکومت کا یہ قدم پہلے سے منصوبہ بند اور سوچا سمجھا عمل ہے۔

GST Collection

اس سال اگست کے مہینہ میں ہندوستان کے جی ایس ٹی کلیکشن میں 6.5 فیصد اضافہ ہوا جو ایک لاکھ 86 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔ گزشتہ سال اسی مہینہ کے مقابلہ یہ کلیکشن زائد ہے۔ مرکزی وزارتِ فینانس کے مطابق مجموعی گھریلو آمدنی تقریباً ایک لاکھ 37 ہزار کروڑ روپے درج کی گئی جبکہ مجموعی برآمدی رقم 49 ہزار کروڑ روپے رہی۔

☆☆